# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام:'ب'تا'س'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال | |
| **مقاصد:** 'ب'تا'س'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر6، حروف تہجی کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال والے کارڈ | | |
| **تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔<br>• بورڈ پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔<br>• جماعت کے متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف تہجی کے متفرق حروف سنیں۔<br>• حروف تہجی کے متفرق حروف سے بننے والی اشیا کے بارے میں بھی پوچھیں۔<br>• درست جواب دینے اور درست حروف پڑھنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ | | |
| **تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)<br>• بورڈ پر حروف تہجی'ب'تا'س'لکھیں۔<br>• بچوں کو ان حروف کی پڑھائی کروائیں۔<br>• اس کے بعد حروف تہجی'ب'تا'س'کی چھوٹی اشکال بھی لکھ کر پڑھائی کروائیں۔<br>• متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف تہجی'ب'تا'س'اور ان کی چھوٹی اشکال سنیں۔<br>• جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔<br>• ایک گروہ کو حروف تہجی'ب'تا'س'کی مکمل اشکال اور دوسرے گروہ کو انھی حروف کی چھوٹی اشکال کے کارڈ دے دیں۔<br>• کمرا جماعت میں حروف تہجی'ب'تا'س'سے بننے والی چند اشیا بچوں کو دکھائیں۔بچوں سے ان کا نام پوچھیں۔<br>• بچوں سے سے کہیں کہ اس چیز کی ابتدائی آواز کے مطابق،اس کا مکمل حرف جس بچے کے پاس ہے وہ تختہ تحریر کے پاس آجائے۔<br>• تمام حروف کی شناخت کروانے کے بعد استاد بچوں سے کہیں کہ اب جن بچوں کے پاس ان حروف کی چھوٹی اشکال ہیں وہ ان بچوں کے پاس جا کر ان کا ہاتھ پکڑ لیں اور جماعت کے ساتھیوں کو حروف کی مکمل اور چھوٹی اشکال کے کارڈ جوڑیوں کی صورت میں دکھائیں۔ | | |
| **اعادہ:** (3منٹ)بچوں کو مختصراً حروف تہجی کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال کے بارے میں بتا دیں۔ | | |
| **جائزہ:** (5منٹ)بورڈ پر حروف تہجی'ب'تا'س'مکمل اور چھوٹی اشکال لکھیں اور متفرق بچوں سے حروف تہجی کی دونوں اشکال سنیں۔ | | |
| **گھر کا کام:** (2منٹ)گھر سے'ب'تا'س'کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام:'ب'تا'س'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال | |

**مقاصد:** 'ب'تا'س'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 6، گتے کی کون اور آئس کریم

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پچھلے سبق کے اعادہ کے لیے بورڈ کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔
- بورڈ کے ایک طرف حروف تہجی'ب'تا'س'لکھیں۔
- جب کہ دوسری طرف ملا جلا کر حروف تہجی'ب'تا'س'کی چھوٹی اشکال لکھیں۔
- متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف تہجی کی مکمل اشکال کی چھوٹی اشکال کی پہچان کر کے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- یہ سرگرمی جماعت کے تمام بچوں کے ساتھ کروائیں۔
- خاص طور پر ان بچوں کے ساتھ جو بولنے یا کچھ بھی پوچھنے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بورڈ پر حروف تہجی'ب'تا'س'لکھیں۔
- بچوں کو ان حروف کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد حروف تہجی'ب'تا'س'کی چھوٹی اشکال بھی لکھ کر پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف تہجی'ب'تا'س'اور ان کی چھوٹی اشکال سنیں۔
- اب حروفِ تہجی کی مکمل اور چھوٹی اشکال کی آپس میں مطابقت کا جائزہ لینے کے لیے بچوں کے ساتھ ایک کھیل کے ذریعے سے ان کی فہم کا جائزہ لیں۔
- اس مقصد کے لیے استاد، چارٹ پیپر کے کارڈ اور تختہ تحریر کی مدد لیں۔
- دس سے پندرہ کے قریب چارٹ پیپر کی کون آئس کریم تیار کر لیں۔ بسکٹ والا حصہ الگ اور اوپر کریم والا حصہ الگ رکھیں۔
- بسکٹ والے حصے پر مکمل حرف لکھیں اور کریم والے حصے پر چھوٹی شکل۔ انھیں الگ الگ ٹوکریوں میں رکھ دیں۔
- جوڑیوں کی صورت میں بچوں سے کہیں کہ ایک بچہ بسکٹ والا حصہ نکالے اور اس کا ساتھی اس مکمل حرف کا کریم والا حصہ دوسری ٹوکری میں سے تلاش کرے۔
- جیسے ہی بچے مکمل اور چھوٹی شکل والے درست حصوں کو تلاش کر لیں استاد گلو کی مدد سے انھیں جوڑ دیں۔
- یہ سرگرمی تمام حروف کے لیے کروائیں۔
- بعد ازاں استاد تمام بچوں کو شاباش دیں اور سافٹ بورڈ پر ان آئس کریموں کو لگا دیں۔
- آخر میں بچوں کو ان حروف تہجی کو لکھوانے کا کام مکمل کروائیں۔




**نمونہ برائے چارٹ پیپر کون آئس کریم**

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً حروف تہجی کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال کے بارے میں بتادیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر حروف تہجی 'ب' تا 'س' مکمل اور چھوٹی اشکال لکھیں اور متفرق بچوں سے حروف تہجی کی دونوں اشکال سنیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے 'ب' تا 'س' کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کانام:'ش'تا'ک'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال | |

**مقاصد:** 'ش'تا'ک'حروف تہجی کی چھوٹی اشکال پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈمارکر/ چاک، کڈزاردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 7 دو بالٹیاں۔ چھوٹے چھوٹے پتھر'ب'تا'س سے شروع ہونے ولی تصاویر

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بورڈ پر پر ایک طرف'ب'تا'س' سے شروع ہونے والی ایک ایک تصویر لگائیں۔
- بچوں کو باری باری بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ تصویر کو پہچانتے ہوئے اُس کے نیچے درست حرف اور اس کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- اس کام میں بچوں کی راہ نمائی کریں۔
- ہر بچے سے حروف سے متعلقہ ان کے ذخیرہ الفاظ کا جائزہ بھی لیں۔
- درست جواب دینے والے بچوں کو شاباش دیں اور دوسرے بچوں کی بھی حوصلہ افزائی کریں۔




**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بورڈ پر حروف تہجی 'ش'تا'ک' لکھیں۔
- بچوں کو ان حروف کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد حروف تہجی 'ش'تا'ک' کی چھوٹی اشکال بھی لکھ کر پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف تہجی 'ش'تا'ک اور ان کی چھوٹی اشکال سنیں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے پتھروں سے بھری بالٹی لیں اور اس پر حروف تہجی 'ش'تا 'ک' کی مکمل اور چھوٹی اشکال لکھ کر لائیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنائیں جن کا نام سونا اور چاندی رکھیں۔
- گروہ سونا کو کہیں کہ وہ ان پتھروں میں سے وہ پتھر الگ کریں جن پر حروف تہجی کی مکمل اشکال لکھی ہوئی ہیں۔
- چاندی گروہ سے کہیں کہ وہ ان پتھروں کو اٹھالیں جن پر حروف تہجی کی چھوٹی اشکال لکھی ہوئی ہیں۔
- اب گروہ سونا کے لیڈر کو بلا کر ان کی بالٹی سے کوئی مکمل شکل کا حرف جماعت کے سامنے پڑے میز پر رکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے ساتھ ہی چاندی گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ جیسے ہی سونا گروہ کا لیڈر اپنا پتھر میز پر رکھے گا آپ نے فوراہی اس کی چھوٹی شکل والا پتھر اس کے ساتھ لا کر رکھ کر اس کی آواز بھی ادا کرنی ہے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی چند حروف تہجی پر کروائیں۔

| |
|---|
| • اس کے ساتھ ہی اب پہلے چاندی گروہ سے حروف تہجی کی چھوٹی شکل میز پر رکھوائیں اور سونا گروہ کے لیڈر سے چھوٹی شکل والے حروف تہجی کے حرف کی مکمل شکل کا پتھر میز پر رکھیں۔<br>• سب سے تیز اور درست کام کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• سرگرمی مکمل ہونے کے بعد حروف تہجی 'ش' تا 'ک' کی مکمل اشکال اور ان کی چھوٹی اشکال کی پڑھائی کروائیں۔<br>• جس گروہ کے بچے جلدی یہ کام کریں گے، وہ اس دن کے Stars of the Day ہوں گے اور انھیں سٹارز کے بنے ہوئے بیج لگائے جائیں گے۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر حروف تہجی 'ش' تا 'ک' کی مکمل اور چھوٹی اشکال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی آوازیں سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے حروف تہجی 'ش' تا 'ک' کی پڑھائی اور پہچان کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام:'ش' تا'ک' حروف تہجی کی چھوٹی اشکال | |

**مقاصد:** 'ش' تا'ک' حروف تہجی کی چھوٹی اشکال پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 7، 'ش' تا'ک' کے تصویری کارڈ۔ مختلف رنگوں کے خط کے لفافے

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم 'ش' تا'ک' سے متعلق مختلف تصاویر دیکھیں گے۔
- آپ سب مل کر ان تصاویر کو پہچانیں گے اور ان کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں گے۔
- جو بچے سب سے پہلے تصویر کو پہچان کر اس کے بارے میں بتائیں گے وہ آج کے اسٹار بچے ہوں گے۔
- بچوں کو 'ش' تا'ک' کے تصویری کارڈ ایک ایک کر کے دکھائیں۔
- بچوں سے ان چیزوں کے نام پوچھیں۔
- جو جو بچے درست تمام اشیا کے نام بتائیں انھیں star of the day کہیں اور اُن کے چہرے پر گولڈن مارکر سے سٹار بنائیں۔



**تدریسی حکمتِ عملی:** (25منٹ)

- بورڈ پر حروف تہجی 'ش' تا'ک' کی مکمل اشکال لکھیں اور بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے ساتھ ہی مکمل شکل والے حروف تہجی کے ساتھ ان کی چھوٹی اشکال لکھیں۔
- ان حروف کی بھی بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان حروف تہجی اور ان کی چھوٹی اشکال کو غور سے دیکھ لیں اور ذہن نشین کر لیں۔
- مختلف رنگوں کے چارٹ کا استعمال کرتے ہوئے خط ڈالنے والے لفافے اور لیٹر بکس بنالیں اور انھیں جماعت کی کسی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- یہ کام ایک دن پہلے کر لیا جائے تو بہتر ہے۔
- جماعت میں جانے سے قبل "ش تا ک" کے کارڈ بنا کر جماعت میں لے جائیں۔ ہر حرف کے کم از کم پانچ کارڈ بنائیں۔
- اب ہر لفافے میں مختلف حروف کے کم از کم تین کارڈ ڈال دیں۔
- اب تمام بچوں کو باری باری بلائیں اور کسی ایک لفافے میں سے اپنی مرضی کا کارڈ نکالنے کو کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ اگر وہ کارڈ "ش تا ک" کا ہو تو اُس کے ساتھ اسی حرف کی چھوٹی شکل لکھ کر لیٹر بکس میں ڈال دیں۔
- اگر وہ کارڈ کسی اور حرف کا ہو تو اُسے لفافے میں ہی رہنے دیں۔
- یہ ساری سرگرمی اپنی نگرانی میں کروائیں۔

| |
|---|
| • سرگرمی کے اختتام پر لیٹر بکس میں موجود تمام کارڈ نکال کر دیکھیں۔<br>• اگر تمام کارڈ "ش تاک" کے ہوں تو بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور اگر کسی اور حرف کا کارڈ بھی نکلے تو اُسے دوبارہ کسی لفافے میں ڈال دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروالیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر حروف تہجی 'ش' تا 'ک' کی مکمل اشکال اور چھوٹی اشکال لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان سے پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے حروف تہجی 'ش' تا 'ک' کی مکمل اشکال اور ان کی چھوٹی اشکال کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:ت 'گ' تا 'ے' کی چھوٹی اشکال | |

**مقاصد:** 'گ' تا 'ے' کی چھوٹی اشکال پڑھ اور لکھ سکیں۔

حروف کو جوڑ کر لفظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 8، حروف تہجی 'گ' تا ے اور ان کے تصویری کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں۔
- دونوں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے اپنے گروہ کے نام کی مکمل اور آدھی شکل اپنی کاپی میں لکھیں۔
- جو گروہ حروف کی درست مکمل اور آدھی شکل لکھے اُسے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)



- بورڈ پر حروف تہجی 'گ' تا ے 'لکھیں اور بچوں کو ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد انھیں حروف تہجی کی چھوٹی اشکال بھی لکھ دیں۔
- ان دونوں اشکال کی بچوں کو مختلف طریقوں سے پہچان کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو تین گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو حروف تہجی 'گ' تا ے 'تک دو دو حرف دیں اور ساتھ ہی میز پر مطلوبہ حروف تہجی کی مناسبت سے تصویری کارڈ کا پیکٹ بنا کر رکھ دیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ جو حروف ان کے پاس ہیں ان حروف سے شروع ہونے والی کوئی بھی ایک تصویر پیکٹ میں سے تلاش کریں۔
- تصویر کے ساتھ دی گئی جگہ پر حرف کی چھوٹی شکل لکھیں۔
- اب بچوں کو بورڈ پر حروف تہجی 'گ' تا ے '(بغیر ترتیب) بچوں سے کہیں ان مکمل اشکال کی چھوٹی اشکال لکھیں۔

**سرگرمی:2**




- بورڈ پر کچھ حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ ہم آج حروف کو جوڑ کر لفظ بنانے کی مشق کریں گے۔
- جماعت کے بچوں میں مختلف حروف پر مبنی چارٹ پیپر کے کارڈ تقسیم کر دیں۔
- استاد ایک بچے کو اپنے پاس بلا کر اس کے پاس موجود کارڈ پر لکھا ہوا حرف جماعت کے ساتھیوں کو بتانے کے لیے کہیں۔
- حرف کا سنتے ہی بچے جلدی سے ہاتھ بلند کریں اور اس کے ساتھ کوئی اور حرف لگا کر لفظ کو مکمل کریں۔

- اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے چارٹ پیپر پر مختلف حروف کو جوڑ کر لفظ لکھیں۔
- پھر قینچی کی مدد سے ان الفاظ کے حروف کو کاٹ کر بچوں کے سامنے رکھیں اور کسی بچے کو بلا کر حروف کو جوڑ کر لفظ بنانے اور پڑھنے کے لیے کہیں۔
- کام کرنے کے دوران میں تمام بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا راہ نمائی کی ضرورت ہو مدد فراہم کریں۔
- بچوں سے الفاظ کی خواندگی بھی کروائیں۔ دورانِ خواندگی بچوں کے تلفظ اور ادائیگی کی درستی کا بھی خیال رکھیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند حروف لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان کے الفاظ بنوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے حروف کو جوڑ کر الفاظ بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم | یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام:حروف کی چھوٹی اشکال(مشق) | |

**مقاصد:** حروف کی آوازیں ادا کر کے ان کی چھوٹی اشکال لکھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 9،روئی کے گالے، گتّے کے ویل

## تحریکی سرگرمی:(5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- روئی(کاٹن) کے مختلف رنگ کر کے چھوٹے چھوٹے گالے بنا کر جماعت میں لائیں۔
- دونوں گروہوں کو روئی کے یہ گالے، گلو اور سادہ کاغذ فراہم کریں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ روئی کے ان گالوں کی مدد سے سادہ کاغذ پر حروف تہجی کی مکمل اور آدھی اشکال بنائیں اور پھر انھیں گلو کی مدد سے جوڑ دیں۔
- مقرر وقت کے بعد دونوں گروہوں کا کام چیک کریں اور انھیں شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بچوں سے حروف تہجی "الف تاے"مختلف حروف کی مکمل اور آدھی اشکال لکھوانے کے لیے بچوں کے ساتھ "ویل گھماؤ حرف بتاؤ" کھیل کھیلیں۔
- اس کے لیے جماعت میں آنے سے قبل ویل پر حروف لکھ کر تیار کر لیں۔
- بچوں کو کھیل کے بارے میں ہدایت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ باری باری ویل کے پاس آئیں اور ویل کو گھمائیں۔
- ویل جس حرف پر رکے گا بچے کو اُس حرف کی مکمل اور آدھی شکل تختہ تحریر پر لکھنی ہو گی۔
- کوشش کریں کہ تمام بچے اس کھیل میں حصہ لے سکیں۔
- درست حروف لکھنے کے بعد اُن کی ادائیگی بھی کروائیں۔
- درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور انھیں star of the dayکا نام دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھلوائیں اور بچوں کو ہدایت کریں کہ پہلی سرگرمی میں موجود حروف تہجی کی مکمل اشکال کی چھوٹی اشکال لکھیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند حروف کی مکمل اشکال لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان کی چھوٹی اشکال لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) حروف تہجی کی مکمل اشکال کی چھوٹی اشکال لکھیں۔